# ملفوظات سرداریہ

۱۔نقشبندی بزرگ ایک نظر میں بندے کی تقدیر بدل کرر کھ دیتے ہیں ۔اور اس تقدیر کا بدلنا توجہ کی وجہ سے ہے۔

۲۔ کرامت وہ ہے جو عقل سے باہر ہو۔

۳۔باطنی بیماریاں انسان کو تباہ کر دیتی ہیں اور ان بیماریوں کے علاج کے لیے ڈاکٹر اللہ والے ہیں۔

۴۔ کامل وہ ہے جو دوسروں کو کامل بنادے۔

۵۔جو شخص شراب پیتا ہے اس کے پینے سے ایمان نکل جاتا ہے۔اور یہ ایمان شیطان نکالتا ہے۔

۶۔جو اللہ کے نبی یا ولی کے پاس بیٹھتا ہے وہ مومن بن جاتا ہے۔

۷۔مراقبہ کرنے سے انسان کا باطن بیماریوں سے پاک ہو جاتا ہے۔

۸۔ جس نے نماز کے لیے ہاتھ بلند کیے گویا اس نے پوری دنیا کو ٹھکرا دیا۔

۹۔ مومن کا دل اللہ کا گھر ہے۔

۱۰۔مومن بننے کے لیے بیعت ضروری ہے بیعت کے بغیر ایمان کمزور ہوتا ہے۔

۱۱۔ایمان کامل کرنے کے لیے مرشد کامل ضروری ہے۔

۱۲۔بیوت کا مطلب ہے بک جانا یعنی دل بھی پیر کے حوالے کر دینا۔

۱۴۔مرید وہ ہوتا ہے جو کوئی ارادہ نہ رکھتا ہو۔

۱۵۔ فقیرو! مجھے اپنا دل دو میں اس کو صاف کر دوں گا۔

۱۶۔اگر ماں خوش ہو تو جنت ملتی ہے اور اگر پیر خوش ہو تو اللہ ملتا ہے۔

۱۷۔کرامت وہ چیز ہے جو دماغ اور سوچ سے باہر ہو۔

۱۸۔باطن کی بیماریاں ظاہری اعمال کو کھا جاتی ہیں۔

۱۹۔باتنی بیماریوں کی شفاء اللہ والوں کے پاس ہے۔

۲۰۔جس جگہ اللہ کا ولی ہوتا ہے اس جگہ کی قسمت بدل جاتی ہے۔